# 29-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔فون ٹیپنگ کی تحقیقات کررہی خصوصی تحقیقاتی ٹیم نے سابق چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ کو پوچھ تاچھ کیلئے طلب کیا ہے۔

۲۔ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ ہوا کا معیار صرف ماحولیات سے متعلق معاملہ نہیں ہے بلکہ یہ صحتِ عامہ اور معاشی نظام سے جڑا اشارہ بھی ہے۔

۳۔مرکزی وزرائ جوئل اورم اور کشن ریڈی نے کہا ہے کہ میڈارم جاترا کیلئے مرکزی حکومت نے فنڈس فراہم کیئے ہیں۔

۴۔ریاستی وزرائ نے مرکزی حکومت سے درخواست کی ہے کہ وہ میڈارم قومی تہوار قرار دے۔

## National Festival

ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی کہا ہے کہ ریاستی حکومت کی طرف سے کئی مرتبہ مرکزی حکومت سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ میڈارم میں سمکا سارالماں جاترا کو قومی تہوار کے طور پر تسلیم کرے۔انہوں نے آج میڈارم میں اخباری نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ عقیدتمندوں کو سہولتوں کی فراہمی کیلئے مستقل بنیاد پر ترقیاتی کام انجام دئے گئے ہیں۔انہوں نے اس جاترا کو قبائیلیوں کے عزتِ نفس کی علامت اور ایک اور کمبھ میلہ سے تعبیر کیا۔انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ مرکزی وزرائ کے دورہ سے جاترا کو قومی تہوار قرار دینے کا خواب جلد پورا ہوگا۔اِس موقع پر ریاستی وزیر سیتا اکا نے کہا کہ چیف منسٹر کی ہدایت کے مطابق انچارج وزیر کی نگرانی میں صرف 90 دن کے اندر مندر کے ترقیاتی کام اور بنیادی سہولتوں کی فراہمی کے کام مکمل کیئے گئے۔ایک اور وزیر اڈلوری لکشمن کمار نے بتایا کہ لاکھوں عقیدتمندوں کو تمام سہولتیں فراہم کی گئی ہیں۔

Bhatti

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے آج اپنے ارکانِ خاندان کے ہمراہ میڈارم میں سمکا سارالماں کا درشن کیا اور انہیں نذرانہ پیش کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حکومت نے میڈارم جاترا کے تمام انتظامات کئے ہیں۔ انہوں نے عقیدتمندوں سے اپیل کی کہ وہ سکون واطمینان کے ساتھ درشن کے بعد اپنے مکانات کو واپس جائیں۔

Ponguleti

وزیر اطلاعات وتعلقات عامہ پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ میڈارم میں سمکا سارالماں جاترا میں عقیدتمندوں کی کثیر تعداد شرکت کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اتنی بھاری تعداد پہلے کبھی نہیں دیکھی گئی۔ کل دوپہر تک تقریباً 80 لاکھ عقیدتمندوں نے درشن کیا۔ بعد میں یہ تعداد ایک کروڑ سے تجاوز کر گئی۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کے علاوہ آندھراپردیش، مہاراشٹرا، چھتیس گڑھ سے عقیدتمندوں کی بھاری تعداد جاترا میں شرکت کررہی ہے۔

Air Quality

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ ہوا کا معیار صرف ماحولیات سے متعلق معاملہ نہیں ہے بلکہ یہ صحتِ عامہ اور معاشی نظام سے جڑا اشارہ بھی ہے۔ ریاستی محکمہ منصوبہ بندی کے زیر اہتمام ایم سی آر ایچ آر ڈی نے ہوا کے معیار سے متعلق ایک سمینار سے ڈپٹی چیف منسٹر نے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ صاف ہوا سے حقیقی ترقی ممکن ہوگی۔ اسی لئے ریاستی حکومت سائنٹفک پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہوا میں آلودگی سے دنیا بھر میں ہر سال 80 لاکھ اموات ہوتی ہیں۔

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے پارٹی کے صدر اور سابق چیف منسٹر کے سی آر کو خصوصی تحقیقاتی ٹیم کی جانب سے نوٹس جاری کیئے جانے پر ردِ عمل ظاہر کیا ہے۔انھوں نے کہا کہ یہ تحقیقات نہیں ہیں بلکہ سیاسی انتقام ہے۔ کے ٹی آر نے کہا کہ کے سی آر ایک عظیم قائد ہیں جنہوں نے نہ صرف تلنگانہ کے حصول کو یقینی بنایا بلکہ ریاست کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا۔

Medaram Union Ministers

میڈارم سمّکا سارالمّا جاترا آج دوسرے دن میں داخل ہوگئی ہے۔آج مرکزی وزیر برائے قبائلی امور جوئل اورام اور مرکزی وزیر برائے کوئلہ و کانکنی کشن ریڈی نے دیویوں کے درشن کیےاور بھاری مقدار میں سونا نذر کیا۔اس موقع پر مرکزی وزیر جوئل اورام نے کہا کہ سمّکا سارالمّا جاترا ملک کی سب سے بڑی قبائلی تہوار اور قبائلیوں کے مہا کمبھ میلہ کے طور پر پہچانی جاتی ہے۔انھوں نے کہا کہ جاترا کے انعقاد کے لیے مرکزی حکومت مکمل تعاون فراہم کررہی ہے اور عقیدت مندوں کی سہولت کے لیے خصوصی ٹرینیں بھی چلائی گئی ہیں۔انھوں نے بتایا کہ قبائلیوں کی فلاح و بہبود کے لیے مرکزی حکومت ''دھرتی آبا قبائلی گرامین وکاس ابھیان'' کے تحت ایک لاکھ کروڑ روپے اور پی ایم جن من اسکیم کے تحت 24 ہزار کروڑ روپے خرچ کررہی ہے۔ساتھ ہی انھوں نے کہا کہ تلنگانہ کو 23 ایکلویہ ماڈل ریذیڈنشل اسکول منظور کیے گئے ہیں۔

Sound Byte Jual Oram

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ ملگو، لکنورم، میڈارم، تاڈوائی اور بوگتا آبشاروں کی سیاحتی ترقی کے لیے 80 کروڑ روپے، رامپا مندر کی ترقی کے لیے 140 کروڑ روپے اور اس سال جاترا انتظامات کے لیے 3 کروڑ 70 لاکھ روپے مرکزی حکومت نے جاری کیے ہیں۔انھوں نے مزید کہا کہ سمّکا اور سارالمّا

کے نام سے 890 کروڑ روپے کی لاگت سے مرکزی قبائلی یونیورسٹی قائم کی جارہی ہے،جس کا افتتاح جلدوزیراعظم نریندر مودی کریں گے۔

Sound Byte Kishan Reddy

میڈارم مندر کے احاطے میں مرکزی وزراء کا ریاستی وزراء پونگولیٹی سرینواس ریڈی، دانسری انسویا سیتکا اوراڈلوری لکشمن کمار نے شاندار استقبال کیا۔

KCR Notice

فون ٹیپنگ کیس میں ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ بی آر ایس پارٹی کے صدر اور سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ (کے سی آر) کو ایس آئی ٹی حکام نے نوٹس جاری کیے ہیں۔ آج دوپہر نندی نگر میں واقع ان کی رہائش گاہ پر پہنچ کر حکام نے یہ نوٹس ان کے پی اے کو دیے۔ نوٹس میں انہیں کل دوپہر 3 بجے تفتیش کے لیے حاضر ہونے کی ہدایت دی گئی ہے۔ تاہم عمر کے پیش نظر ایس آئی ٹی نے کے سی آر کو رعایت دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ انہیں پولیس اسٹیشن آنے کی ضرورت نہیں، بلکہ حیدرآباد کے حدود میں ان کی پسندیدہ جگہ پر ہی تفتیش کی جائے گی۔ یہ نوٹس سی آر پی سی کی دفعہ 160 کے تحت جاری کیے گئے ہیں۔ بی آر ایس لیڈروں نے اس کارروائی کو سیاسی انتقام قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت عوامی مسائل سے توجہ ہٹانے کے لیے ایسے ڈرامے کر رہی ہے۔ پہلے ہی ہریش راؤ اور کے ٹی آر جیسے اہم لیڈروں سے پوچھ گچھ کے بعد اب براہ راست کے سی آر کو طلب کیے جانے سے ریاستی سیاست میں بحث چھڑ گئی ہے۔

Kamareddy Collector

انتخابی مہم کے دوران سوشل میڈیا پر جھوٹی تشہیر، دوسروں کے جذبات کو ٹھیس پہنچانے اور مذہبی منافرت پھیلانے پر سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ یہ انتباہ کاماریڈی کے ایس پی راجیش چندر نے

دیا۔انہوں نے میونسپل انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواروں اوران کے حامیوں کوانتخابی ضابطہ اخلاق کی پابندی کرنے کی ہدایت دی۔نامزدگی کےعمل کے دوران قوانین کےخلاف زیادہ تعداد میں جمع ہونا،نعرے بازی اورریلیاں نکالنامکمل طورپرممنوع قراردیا گیاہے۔ایس پی نے نامزدگی مراکز کے اطراف کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچاؤ کے لیے وہاں تعینات افسران اورعملے کو چوکس رہنے کے احکامات دیے۔

Mahesh Kumar Goud

تلنگانہ پی سی سی صدراورایم ایل سی مہیش کمار گوڑ نے کہا کہ منریگا(MGNREGS) سےمہاتما گاندھی کا نام ہٹانے کے فیصلے کو جب تک واپس نہیں لیا جاتا،تب تک مرکزی حکومت کےخلاف جدوجہد جاری رہے گی۔انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ کسان مخالف قوانین کی طرز پر ہے۔کل رات کریم نگرضلع کے مانا کونڈور منڈل کے منجم پلی گاؤں میں منعقدہ احتجاجی پروگرام میں اے آئی سی سی انچارج میناکشی نٹاراجن،سابق ٹی پی سی سی صدر وی ہنومنٹ راؤ،ضلع کانگریس صدروایم ایل اے میڈی پلی ستیام، مقامی ایم ایل اے کوم پلی ستیہ نارائن اوردیگرقائدین نےشرکت کی۔

Revanth Reddy

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کاامریکہ کادورہ جاری ہے۔ہارورڈ بزنس اسکول کےطلبہ کی دعوت پروہاں پہنچے وزیراعلیٰ نےطلبہ سے ملاقات کی اورمختلف امور پرتبادلہ خیال کیا۔انہوں نے طلبہ سے اپیل کی کہ وہ ’’تلنگانہ رائزنگ‘‘ کےشراکت داربنیں اورحیدرآباد وتلنگانہ میں موجودمواقع اورصلاحیتوں کودنیا کے سامنے اجاگرکریں۔ریونتھ ریڈی نے طلبہ سے کہا کہ وہ حیدرآباد کی شناخت کو عالمی سطح پراجاگرکرنے کے لیے برانڈایمبیسیڈر کاکرداراداکریں۔